| مضمون: | اردو | جماعت: | پلے گروپ | موضوع: | حرف ’ت‘ | دن: | پہلا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ حرف ’ت‘ کی پہچان کرسکیں صوتی اس کی آواز اور اس سے شروع ہونے والے ( دو الفاظ ) بتاسکیں۔ | **دہرائی:**<br>بچوں کو ”حروف تہجی اُردو کے“ نظم سنائے جائے گی۔ بچوں سے حروف ( ا ت ا پ ) کا تلفظ صوتی آواز اور اشیاء کے نام پوچھے جائیں گے۔<br>**تعارف:**<br>بچوں کو حرف ’ت‘ کا فلیش کارڈ دکھایا جائے گا اور بتایا جائے گا کہ یہ حرف ’ت‘ ہے اس کی شکل ب اور پ جیسی ہے اس کے اوپر دو نقطے آتے ہیں۔ ’ت‘ حروف تہجی کا پانچواں حرف ہے۔ اس کی صوتی آواز بتائی جائے گی۔ بچوں کو تسبیح کا فلیش کارڈ بتایا جائے گا کہ یہ تسبیح ہے اس کے دانوں پر ہم اللہ کا نام پڑھتے ہیں بچوں کو بتایا جائے گا کہ تسبیح کی ابتدائی آواز ’ت‘ کی ہے۔ ’ت‘ کی صوتی آواز کی بار بار دہرائی کروائی جائے گی۔ بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم حرف ’ت‘ درست تلفظ سے بولنا سیکھیں گے اور حرف ’ت‘ کے ذخیرہ الفاظ (تربوز، تتلی، تسبیح، تالا، تکیہ، تارے، تولیہ) فلیش کارڈ کے ذریعے جانیں گے۔ بچوں کو حرف ’ت‘ سے شروع ہونے والی اشیاء پی پی ٹی پر دکھا کر ان کے نام بتائے جائیں گے۔<br>**مرکزی سرگرمی:**<br>’ت‘ تتلی بچوں کو تتلی کی ورک شیٹ دی جائے گی بچوں کو رنگین کاغذ چھوٹے حصوں میں کاٹ کر تتلی پر چسپاں کرنے کو کہا جائے گا۔ بچوں سے تتلی کی ابتدائی آواز پوچھی جائے گی۔<br>**اختتامیہ:**<br>بچوں کو ’ت‘ کا فلیش کارڈ دکھا کر اس کا تلفظ اور صوتی آواز پوچھیے۔ | 5 منٹ<br><br>10 منٹ<br><br>20 منٹ<br><br>5 منٹ | حروف فلیش کارڈ<br>الفاظ فلیش کارڈ<br><br>تتلی کی ورک شیٹ<br>Outline<br>رنگین کاغذ چھوٹے ٹکڑوں میں کٹے ہوئے | طالب علموں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا حرف ’ت‘ کا درست تلفظ، آواز اور اس سے شروع ہونے والی اشیاء میں حرف ’ت‘ کی نشاندہی کرنے پر۔ |

| مضمون: | اردو | جماعت: | پلے گروپ | موضوع: | حرف 'ت' | دن: | دوسرا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہو سکیں گے کہ حرف 'ت' کو پہچان سکیں۔ اس کی صوتی آواز اور اس سے شروع ہونے والے چار الفاظ بتا سکیں۔ | **دہرائی:**<br>بچوں ''کو حروف تہجی اُردو کے نظم''، سنائی جائے گی۔ بچوں کو 'ت' کا فلیش کارڈ دکھا کر اس کا تلفظ اور صوتی آواز پوچھی جائے گی۔ | 5 منٹ | حرف اور الفاظ کے فلیش کارڈ | طالب علموں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا حرف 'ت' کا درست تلفظ، آواز اور اس سے شروع ہونے والی اشیاء میں حرف 'ت' کی نشاندہی کرنے پر۔ |
| | **تعارف:**<br>بچوں کو 'ت' کی نظم سنائی جائے گی۔<br>تتلی ہوں میں تتلی ہوں     پھولوں سے میں نکلی ہوں<br>تتلی ہوں میں تتلی ہوں     ٹھنڈا پانی پیتی ہوں<br>حرف 'ت' سے شروع ہونے والی اشیاء دکھا کر ان کے نام پوچھے جائیں گے۔ | 10 منٹ | | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں سے salt tray پر حرف 'ت' لکھنے کی مشق کروائی جائے گی۔ بچوں کو کتاب صفحہ 12 کھولنے کو کہا جائے گا۔<br>حرف 'ت' پر انگلی پھیریے اور 'ت' سے شروع ہونے والی اشیاء کے نام بتایئے 'ت' کی آواز بار بار دہرائی کروائی جائے گی۔ 'ت' سے تربوز: نیم دائرے کی شکل پیپر پلیٹ کو دو حصوں میں کاٹ لیں بچوں سے پلیٹ پر سرخ رنگ اپنی نگرانی میں کروایا جائے۔ خشک ہونے پر پیپر پلیٹ کے کنارے پر سبز کاغذ گلو کی مدد سے چسپاں کیا جائے گا۔ اب سیاہ بٹن کو تربوز کے بیجوں کے طور پر چسپاں کرنے میں بچوں کی مدد کی جائے گی۔<br>بچوں کو بتایا جائے کہ تربوز گرمیوں کا پھل ہے اس میں رس ہوتا ہے۔ تربوز کو ٹھنڈا کر کے کھانے میں بہت مزہ آتا ہے۔ تربوز کی ابتدائی آواز پوچھی جائے گی۔ | 20 منٹ | کتاب صفحہ نمبر 12 | |
| | **اختتامیہ:** بچوں سے تتلی اور تربوز کی ابتدائی آواز پوچھی جائے گی۔<br>**گھر کا کام:** تارے میں چھپے 'ت' میں رنگ بھریئے۔ | | ورک شیٹ | |

| مضمون: | اردو | جماعت: | پلے گروپ | موضوع: | حرف 'ت' | دن: | تیسرا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ حرف 'ت' کو پہچان سکیں۔ اس کی صوتی آواز اور اس سے شروع ہونے والے چار الفاظ بتاسکیں۔ | **دہرائی:**<br>حرف 'ت' کا تلفظ اس کی آواز اور اس سے شروع ہونے والی اشیاء کے نام دہرائے جائیں گے۔<br>'ت' کی نظم دہرائی جائے گی۔ | 5 منٹ | فلیش کارڈ | طالب علموں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا حرف 'ت' کا درست تلفظ، آواز اور اس سے شروع ہونے والی اشیاء میں حرف 'ت' کی نشاندہی کرنے پر۔ |
| | **تعارف:**<br>بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم 'ت' کی کہانی سنیں گے۔<br>تانیہ اپنی امی کے ساتھ بازار گئی۔ وہاں اس نے ایک خوبصورت تاج اور تاج محل دیکھا۔ اس نے اپنی امی سے تاج خریدنے کی ضد کی۔ بازار سے واپسی پر تانیہ کی امی نے تالا اور تلوار خریدی۔ | 10 منٹ | فلیش کارڈ | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں کو ورک شیٹ دی جائے گی جس میں حرف ا، آ، ب، پ اور ت لکھے ہوں گے۔ 'ت' کی تعداد باقی حروف سے زیادہ ہوگی۔ بچوں سے دی گئی ورک شیٹ میں حرف 'ت' کے گرد دائرہ بنانے کو کہا جائے گا۔ | 20 منٹ | فلیش کارڈ | |
| | **اختتامیہ:**<br>بچوں سے تلوار، تاج، تاج محل اور تالا کی ابتدائی آواز پوچھی جائے گی۔ | 5 منٹ | | |

| مضمون: | اردو | جماعت: | پلے گروپ | موضوع: | حرف ’ت‘ | دن: | چوتھا |
| --- | --- | --- | --- | --- | --- | --- | --- |

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت | وسائل | جانچ |
| --- | --- | --- | --- | --- |
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ ’حرف ’ت‘ کی پہچان کرسکیں اس کی صوتی آواز اس سے شروع ہونے والے (سات) الفاظ اوراس کی بناوٹ جان سکیں۔ | **دہرائی:**<br>حرف ’ت‘ کا تلفظ، اس کی آواز اوراس سے شروع ہونے والی اشیاء کے نام دہرائے جائیں گے۔حرف ’ت‘ کی کہانی کے بارے میں بچوں سے پوچھا جائے گا اوراس میں استعمال ہونے والے ’ت‘ کے الفاظ پوچھے جائیں گے۔ | 5 منٹ | | طالب علموں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا حرف ’ت‘ کا درست تلفظ، آواز اور اس سے شروع ہونے والی اشیاء میں حرف ’ت‘ کی نشاندہی کرنے پر۔ |
| | **تعارف:**<br>بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم ’ت‘ سے مزید الفاظ جانیں گے۔بچوں کو فلیش کارڈ کے ذریعے تکیہ،تولیہ اورتارے کی تصاویر دکھائی جائیں گی۔بچوں سے ان الفاظ کی ابتدائی آواز پوچھی جائے گی۔ | 10 منٹ | تکیہ،تولیہ، تارے فلیش کارڈ | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>ب،پ، ت کی شکل ایک جیسی ہے۔بچوں کو نقطوں کے بغیر شکل خالی صفحہ پر لگا کر دی جائیں گی اور مار کر دیئے جائیں گے۔بچوں سے ب، پ اورت کے نقطے بنانے کو کہا جائے گا۔<br>بچوں کو کتاب صفحہ نمبر 13 کھولنے کو کہا جائے گا۔بچوں کو کہا جائے گا کہ دی گئی تصاویر کے نام بتایئے اور پوچھا جائے گا کہ بطخ کی ابتدائی آواز کیا ہے؟ بچوں کو ’ت‘ کی تصاویر کے گرد دائرہ لگانے اور ’ت‘ پر درست بناوٹ کے ساتھ پنسل پھیرنے کو کہا جائے گا۔ | 20 منٹ | ب،پ،ت کی شکل کے رنگین کاغذ بورڈ مارکر کتاب صفحہ 13 | |
| | **اختتامیہ:**<br>بچوں کو تکیہ، تارے اور تولیہ کی تصاویر دکھا کر ان کے نام اور ابتدائی آواز پوچھی جائے گی۔ | 5 منٹ | | |

| مضمون: | اردو | جماعت: | پلے گروپ | موضوع: | حرف 'ت' | دن: | پانچواں |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ 'حرف 'ت' کی پہچان کرسکیں اس کی صوتی آواز اس سے شروع ہونے والے (سات الفاظ) اور بناوٹ جان سکیں۔ | **دہرائی:**<br>بچوں کو 'ت' کے تمام الفاظ فلیش کارڈ کے ذریعے دکھا کران کی ابتدائی آواز اوراشیاء کے نام پوچھے جائیں گے۔<br>**تعارف:**<br>حرف 'ت' کو پلے ڈو سے بنانے کی مشق کروائی جائے گی۔<br>**مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں سے کاپی پر حرف 'ت' پر پنسل پھیرنے کی مشق کروائی جائے گی ہر بچے کی انفرادی طور پر نگرانی کی جائے گی تاکہ وہ مقررہ وقت میں اپنا کام مکمل کر سکے۔<br>**اختتامیہ:**<br>بچوں سے ہوا میں 'ت' لکھنے کو کہا جائے گا اور 'ت' کی صوتی آواز دہرائی جائے گی۔<br>**گھر کا کام:**<br>کاپی میں حرف 'ت' پر پنسل پھیریے۔ | 3 منٹ<br>5 منٹ<br>30 منٹ<br>2 منٹ | فلیش کارڈ<br>پلے ڈو<br>کاپی ورک | طالب علموں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا حرف 'ت' کا درست تلفظ، آواز اور اس سے شروع ہونے والی اشیاء میں حرف 'ت' کی نشاندہی کرنے پر۔ |